احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کیلئے

منگل 24 جون 2008ء

روزنامہ

الفضل

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

منگل 24 جون 2008ء 19 جمادی الثانی 1429 ہجری 24/احسان 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 142

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کے ایمان افروز خطبہ جمعہ سے 60 ویں جلسہ سالانہ امریکہ کا آغاز

تقویٰ انسان کیلئے سلامتی کا تعویذ اور فتنے سے محفوظ رہنے کیلئے حصن حصین ہے

غریبوں سے جھک کر بات کرنا مقبول الٰہی ہونے کی علامت ہے اور بدی کا نیکی سے جواب دینا سعادت ہے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خطبہ جمعہ فرمودہ 20 جون 2008ء بمقام پنسلوانیا امریکہ کا خلاصہ

خطبہ جمعہ کا یہ خلاصہ ادارہ الفضل اپنی ذمہ داری پر شائع کر رہا ہے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مورخہ 20 جون 2008ء کو پنسلوانیا امریکہ میں خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا۔ حضور انور کا یہ خطبہ جمعہ مختلف زبانوں میں تراجم کے ساتھ ایم ٹی اے انٹرنیشنل پر براہ راست ٹیلی کاسٹ کیا گیا۔

حضور انور نے فرمایا کہ آج اللہ تعالیٰ کے فضل سے امریکہ کا جلسہ سالانہ میرے اس خطبہ جمعہ کے ساتھ شروع ہو رہا ہے۔ یہ جو جلسہ سالانہ ہم دنیا کے ہر ملک میں منعقد کرتے ہیں اس کا انعقاد حضرت مسیح موعود نے اللہ تعالیٰ سے اذن پا کر فرمایا تھا۔ حضرت مسیح موعود کا جلسے کا مقصد تقویٰ میں ترقی کرنے والوں اور اللہ تعالیٰ کے عبادت گزار پیدا کرنے والوں کی جماعت بنانا اور حقوق العباد کی ادائیگی کرنے والوں کی ایک فوج تیار کرنا تھا۔ جن کی راتیں تقویٰ سے بسر کی جانے والی ہوں اور جن کے دن خدا تعالیٰ کا خوف لئے ہوئے ڈرتے ڈرتے گزر رہے ہوں۔ ہر باپ اور ماں کو اپنی نسلوں کو سنبھالنے کے لئے اپنے عملوں کی درستگی کی طرف خاص توجہ دینے کی ضرورت ہوگی۔ حضرت مسیح موعود تقویٰ کے بارے میں فرماتے ہیں کہ تقویٰ تو صرف نفس امارہ کے برتن کو صاف کرنے کا نام ہے اور نیکی وہ کھانا ہے جو اس میں پڑتا ہے جو اعضاء کو قوت دے کر انسان کو اس قابل بناتا ہے کہ اس سے نیک اعمال صادر ہوں اور وہ بلند مراتب قرب الٰہی کے حاصل کر سکے۔ حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ قرآن کریم میں تمام احکام کی نسبت تقویٰ اور پرہیزگاری کیلئے بڑی تاکید ہے، وجہ یہ ہے کہ تقویٰ ہر ایک بدی سے بچنے کیلئے قوت بخشتی اور ہر ایک نیکی کی طرف دوڑنے کے لئے حرکت دیتی ہے اور اس قدر تاکید فرمانے میں بھید یہ ہے کہ تقویٰ ہر ایک بات میں انسان کے لئے سلامتی کا تعویذ ہے اور ہر ایک قسم کے فتنے سے محفوظ رہنے کے لئے حصن حصین ہے۔ خادم القوم ہونا مخدوم بننے کی نشانی ہے اور غریبوں سے نرم ہو کر اور جھک کر بات کرنا مقبول الٰہی ہونے کی علامت ہے اور بدی کا نیکی کے ساتھ جواب دینا سعادت کے آثار ہیں اور غصے کو کھا لینا اور تلخ بات کو پی جانا نہایت درجہ کی جوانمردی ہے۔ پس یہ ہیں حضرت مسیح موعود کی ہم سے نیک خواہشات، جب نرم دلی ہوگی تو وہ تمام اخلاق بھی پیدا ہوں گے جن کا حضرت مسیح موعود نے ذکر فرمایا ہے اور یہ وہ اخلاق ہیں جن کا ایک مومن کے اندر پیدا ہونا ضروری ہے۔

حضور انور نے فرمایا کہ یہاں امریکہ میں احمدیوں میں جو ایک اکائی نظر آنی چاہئے وہ ہر سطح پر مجھے نظر نہیں آتی۔ یاد رکھیں کہ حضرت مسیح موعود کی جماعت میں شامل ہو کر وہ عاجزانہ راہیں اختیار کرنا ہوں گی جو آپ نے اختیار کیں اور جن کو پسند فرماتے ہوئے اللہ تعالیٰ نے آپ کو الہاماً فرمایا کہ تیری عاجزانہ راہیں اسے پسند آئیں۔ پرانے احمدیوں کا فرض ہے کہ نئے آنے والوں کو خواہ وہ کسی قوم کے بھی ہوں اپنے اندر سموئیں، جذب کریں اور ان کو نظام جماعت کا فعال حصہ بنائیں۔ فرمایا کہ بھائی چارے کو رواج دیں، مواخات میں ایک دوسرے کے لئے نمونہ بن جائیں۔ پس اگر دنیا کو اپنی طرف کھینچنا ہے تو ہر طرح کے تکبر، نخوت اور بدظنی کو دور کرتے ہوئے ایک دوسرے کے جذبات، احساسات اور ضروریات کا خیال رکھنا ہوگا۔ دعوت الی اللہ کے کام کو کامیابی سے ہمکنار کرنے کے لئے ہمیں اپنے اخلاق کے معیار بھی بہتر کرنے ہوں گے اور اپنی غلط فہمیوں کو بھی دور کرنا ہوگا تبھی ہم ایک حسین معاشرہ قائم کر سکتے ہیں جو تقویٰ پر چلنے والا معاشرہ ہوگا۔ حضرت مسیح موعود کی بعثت کا مقصد خدا تعالیٰ کی پہچان کروانا اور بندے کو بندے کے ساتھ پیار اور محبت کے تعلق کو قائم کروانا تھا اور ہے۔ پس امریکن احمدیوں سے خصوصی طور پر میں کہتا ہوں کہ اس خلیج کو پُر کریں، تقویٰ میں ترقی کریں، دعوت الی اللہ کے میدان میں آگے بڑھیں اور اپنی کم تعداد کو اکثریت میں بدل دیں۔

حضور انور نے فرمایا کہ عہدیداران سے بھی میں کہتا ہوں کہ وہ اپنے اندر وسعت حوصلہ اور برداشت پیدا کریں اور اپنے فرض کی ادائیگی کیلئے وقت دیں۔ اگر عہدیداران اپنے بھائیوں کی مشکلات سننے کا حوصلہ رکھنے والے ہوں اور انہیں حل کرنے کی کوشش کریں تو میرا خیال ہے کہ ان معاملات میں میرا یہ کام آدھا ہو سکتا ہے۔

حضور انور نے فرمایا کہ ایک اور اہم بات جو یہاں امریکی احمدی معاشرے میں فکر انگیز طور پر بڑھ رہی ہے اور یہ بھی تقویٰ کی کمی ہے وہ یہ ہے کہ شادیاں کرنے کے بعد ان کا ٹوٹنا۔ شادیاں ہو جاتی ہیں تو پھر پسند ناپسند کا سوال اٹھتا ہے اگر پسند دیکھنی ہے تو شادی سے پہلے دیکھیں۔ جب شادی ہو جائے تو شریفانہ طریق یہی ہے کہ پھر اس کو نبھائیں۔ پسند یا ناپسند میں ہم کفو کے ساتھ دین کے پہلو کو ترجیح دینی چاہئے۔ آنحضرت ﷺ کی اس بارے میں یہی تعلیم ہے۔ میں بچیوں کو بھی کہتا ہوں کہ وہ دین میں آگے بڑھنے کی کوشش کریں، اپنی روحانیت کو بڑھائیں تا کہ کسی بچی پر یہ الزام نہ لگایا جائے کہ یہ بے دین ہے۔ پس لڑکیاں اور لڑکے دونوں اپنے اپنے جائزے لیں اور جس کی طرف سے بھی زیادتی ہے وہ اپنی اصلاح کی طرف توجہ دیتے ہوئے اس حسین معاشرے کو جنم دینے کی کوشش کرے جس سے یہ دنیا بھی ان کے لئے جنت بن جائے۔ اللہ تعالیٰ سب شاملین جلسہ کو توفیق دے کہ وہ اپنے اندر پاک تبدیلیاں پیدا کرنے کی کوشش کرنے والے ہوں۔ اللہ تعالیٰ سب کو اس کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

آداب لباس

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:۔

کھاؤ اور صدقہ دو اور پہنو مگر اس میں فضول خرچی اور عجب و کبر نہ ہو۔

(نسائی کتاب الزکوٰۃ باب الاختیال فی الصدقۃ حدیث نمبر:2512)

ضرورت سٹاف

۞ نظارت تعلیم کو اپنے ادارہ جات کیلئے انتظامی امور کا تجربہ رکھنے والے احمدی احباب کی ضرورت ہے جو خدمت کا جذبہ رکھتے ہوں، تعلیم انٹرمیڈیٹ ہو، عمر 40 سال سے زائد ہو۔ وہ مقامی صدر صاحب جماعت کی تصدیق کے ساتھ اپنی درخواست نظارت تعلیم کو ارسال فرمائیں۔ رہائش کا انتظام خود کرنا ہوگا۔

(نظارت تعلیم)

ضرورت محررین درجہ دوم

۞ دفاتر صدر انجمن احمدیہ میں محررین درجہ دوم کی وقتاً فوقتاً ضرورت رہتی ہے۔ صرف ایسے مخلص احمدی نوجوان درخواستیں بھجوائیں جو دینی کاموں سے شغف اور خدمت دین کا شوق رکھتے ہوں اور محنت سے کام کرنا چاہتے ہوں اور مستقل طور پر حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ میں کام کرنے کے خواہشمند ہوں۔

☆ تعلیمی قابلیت: ایف اے، ایف ایس سی، بی اے، بی ایس سی (کم از کم 45% نمبر)

☆ کمپیوٹر جاننے والوں کو ترجیح دی جائے گی۔

☆ درخواست دینے کے لئے عمر کی حد 18 تا 25 سال ہے۔

مطلوبہ معیار پر پورا اترنے والے امیدوار اپنی درخواستیں، تعلیمی قابلیت کی مصدقہ نقول صدر صاحب جماعت کی تصدیق اور شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی کے ساتھ مورخہ 31 جولائی 2008ء تک دفتر نظارت دیوان صدر انجمن احمدیہ میں بھجوا دیں۔ نامکمل درخواستوں پر غور نہیں ہوگا۔

نصاب درج ذیل ہے:۔

(i) قرآن مجید ناظرہ مکمل، پہلا پارہ باترجمہ، چالیس جواہر پارے، ارکان دین، نماز باترجمہ مکمل

(ii) کشتی نوح، برکات الدعا، عام دینی معلومات درثمین (نظم شان اسلام) مضمون بابت عقائد جماعت احمدیہ۔

(iii) انگریزی، حساب (بمطابق معیار میٹرک) عام معلومات۔

نوٹ:۔ (i) امیدوار کا خوشخط ہونا ضروری ہوگا۔

(ii) ہر جزو میں کامیاب ہونا لازمی ہے۔ کامیاب ہونے کیلئے 50 فیصد نمبر حاصل کرنا ضروری ہوں گے۔

(ناظر دیوان)

مرتبہ: مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان

سوانح حضرت مسیح موعود (سوال و جواب کی شکل میں) نمبر 10

سوال: حضرت اقدس نے آخری سفر سیالکوٹ کب اختیار فرمایا۔
جواب: 27/اکتوبر 1904ء کو۔
سوال: حضرت چوہدری نصر اللہ خان صاحب نے بیعت کب کی۔
جواب: نومبر 1904ء میں۔
سوال: کرم دین جہلمی کے دوسرے مقدمہ سے حضور کی بریت کب ہوئی۔
جواب: 7 جنوری 1905ء کو۔
سوال: حضور نے کتاب "براہین احمدیہ حصہ پنجم" کی تصنیف اور زلزلہ عظیمہ کی پیش گوئی کب فرمائی۔
جواب: فروری 1905ء میں۔
سوال: حضور کی پیش گوئیوں کے مطابق کانگڑہ میں قیامت خیز زلزلہ کب آیا۔
جواب: 4/اپریل 1905ء کو۔
سوال: مولانا ابوالکلام آزاد کے بڑے بھائی مولانا ابوالنصر آہ قادیان میں کب آئے اور بیعت کب کی۔
جواب: 2 مئی 1905ء کو۔
سوال: حضور کو یہ الہام "آہ نادر شاہ کہاں گیا" کب ہوا اور کب پورا ہوا۔
جواب: 5 مئی 1905ء کو الہام ہوا اور 8 نومبر 1933ء کو یہ الہام پورا ہوا۔
سوال: مولانا ابوالکلام آزاد کی قادیان میں آمد اور حضور سے ملاقات کب ہوئی۔
جواب: 25 مئی 1905ء کو۔
سوال: حضرت مولانا عبدالکریم صاحب سیالکوٹی کی وفات کب ہوئی۔
جواب: 11/اکتوبر 1905ء کو۔
سوال: حضور نے اپنا آخری سفر دہلی کب اختیار فرمایا۔
جواب: 23/اکتوبر 1905ء کو۔
سوال: حضور نے دہلی میں اولیاء اللہ کی قبور پر دعا کب کی۔
جواب: 24/اکتوبر 1905ء کو۔
سوال: حضرت مولانا برہان الدین صاحب جہلمی کی وفات کب ہوئی۔
جواب: 3 دسمبر 1905ء کو۔
سوال: حضور کی کتاب "الوصیت" کی اشاعت کب ہوئی۔
جواب: دسمبر 1905ء میں۔
سوال: حضور کو اپنے وصال کے متعلق کثرت سے الہامات کب ہوئے۔
جواب: 1905ء میں۔
سوال: بہشتی مقبرہ قادیان میں دفن ہونے والے پہلے مقدس وجود کون تھے۔
جواب: حضرت مولوی عبدالکریم صاحب سیالکوٹی۔
سوال: حضور نے صدر انجمن احمدیہ کا قیام کب فرمایا۔
جواب: جنوری 1906ء میں۔
سوال: مدرسہ احمدیہ کا آغاز کب ہوا۔
جواب: جنوری 1906ء میں۔
سوال: سہ ماہی رسالہ تشحیذ الاذہان کا اجراء کب ہوا۔ اور اس کے پہلے ایڈیٹر کون تھے۔
جواب: یکم مارچ 1906ء کو اور اس کے پہلے ایڈیٹر حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر الدین محمود احمد صاحب تھے۔
سوال: حضور کی کتاب "چشمہ مسیحی" کی اشاعت کب ہوئی۔
جواب: مارچ 1906ء میں۔
سوال: حضور کی کتاب "تجلیات الٰہیہ" کی تصنیف کب ہوئی۔
جواب: مارچ 1906ء میں۔
سوال: حضور کی پیشگوئی کے مطابق چراغ دین جمونی کی وفات کب اور کس مرض سے ہوئی۔
جواب: 4/اپریل 1906ء کو طاعون سے ہلاکت ہوئی۔

ایم ٹی اے انٹرنیشنل کے پروگرام

جمعہ 27 جون 2008ء

6-00 am	تلاوت، درس حدیث، خبریں
7-10 am	انٹرویوز
7-35 am	لقاء مع العرب
8-40 am	المائدہ
8-50am	دورہ حضور انور ایدہ اللہ
9-25 am	فلاسفی آف ہومیوپیتھی
10-15 am	ترجمۃ القرآن
11-15 am	مشاعرہ
12-05 pm	تلاوت، درس، خبریں
1-10 pm	بستان وقف نو
2-05 pm	سرائیکی سروس
3-05 pm	ملاقات
4-10 pm	انڈونیشین سروس
5-10 pm	سیرت صحابہ رسول اللہ ﷺ
6-00 pm	خطبہ جمعہ
7-20 pm	تلاوت، درس، خبریں
8-25 pm	بنگلہ سروس
9-25 pm	سیرت صحابہ رسول اللہ ﷺ
10-05 pm	انٹرویو: مکرم عبدالسمیع خان صاحب
11-00 pm	لائیو جلسہ سالانہ کینیڈا

ہفتہ 28 جون 2008ء

12-00 am	خطبہ جمعہ لائیو
1-00 am	لائیو جلسہ سالانہ کینیڈا
2-05 am	خبریں
2-35 am	گارڈن آف کاسالوما
3-05 am	جلسہ سالانہ کینیڈا
4-05 am	خطبہ جمعہ
5-05 am	جلسہ سالانہ کینیڈا
6-00 am	تلاوت، درس، خبریں
7-45 am	لقاء مع العرب
8-55 am	جلسہ سالانہ کینیڈا
9-55 am	خطبہ جمعہ
10-55 am	جلسہ سالانہ کینیڈا
12-00 pm	تلاوت، درس، خبریں
1-05 pm	چلڈرنز کلاس
1-55 pm	جلسہ سالانہ کینیڈا
2-55 pm	خطبہ جمعہ
3-55 pm	جلسہ سالانہ کینیڈا
5-00 pm	انڈونیشین سروس
6-05 pm	تلاوت، درس، خبریں
7-00 pm	بنگلہ سروس
8-00 pm	چلڈرنز کلاس
8-55 pm	دورہ حضور انور ایدہ اللہ
9-30 pm	جلسہ سالانہ کینیڈا "لائیو"

اتوار 29 جون 2008ء

12-00 am	سوال و جواب
1-00 am	عربی سروس
3-15 am	جلسہ سالانہ کینیڈا
6-00 am	تلاوت، درس، خبریں
6-50 am	وزٹ ٹو کینیڈا
7-20 am	لقاء مع العرب
8-25 am	خطبہ جمعہ
9-25 am	جلسہ سالانہ کینیڈا
12-00 pm	تلاوت، درس، خبریں
1-00 pm	گلشن وقف نو
2-20 pm	محفل سخن
2-55 pm	عربی سیکھئے
3-15 pm	دورہ حضور انور ایدہ اللہ
4-00 pm	انڈونیشین سروس
5-10 pm	خطبہ جمعہ
6-00 pm	تلاوت، درس، خبریں
6-55 pm	بنگلہ سروس
7-55 pm	خطبہ جمعہ
9-00 pm	جلسہ سالانہ کینیڈا لائیو

پیر 30 جون 2008ء

12-10 am	عربی سیکھئے
12-30 am	عربی سروس
2-30 am	خبریں
3-05 am	جلسہ سالانہ کینیڈا
6-10 am	تلاوت، درس، خبریں
7-05 am	محفل سخن
7-40 am	لقاء مع العرب
8-55 am	جلسہ سالانہ کینیڈا
12-00 pm	تلاوت، درس، خبریں
1-00 pm	چلڈرنز کلاس
1-55 pm	فرانسیسی سروس
3-05 pm	جلسہ سالانہ کینیڈا
5-35 pm	انڈونیشین سروس
6-20 pm	تلاوت، درس، خبریں
7-05 pm	بنگلہ سروس
8-25 pm	خطبہ جمعہ
10-40 pm	فرانسیسی سیکھئے
11-05 pm	فرانسیسی سروس

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

خطبہ جمعہ

احمدی خدا تعالیٰ کی رضا کے حصول کے لئے ہر ملک میں جلسے کرتے ہیں تا کہ اپنے اندر روحانی تبدیلیاں پیدا کریں اور اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے والے بنیں

اپنے نفس کی تبدیلی کے واسطے سعی کرو، نماز میں دعائیں مانگو، صدقات و خیرات کرو

ہر عہدیدار کے پاس کوئی بھی جماعتی کام ایک امانت ہے اسے ایمانداری سے ادا کرنا ضروری ہے اگر ہم آپس میں ہی ایک نہیں ہوں گے اور بعض معاملات میں ایک دوسرے سے حسد کرتے رہیں گے تو جو ہم سے حسد کرنے والے ہیں ان کے شر سے کس طرح بچیں گے؟ پس آپس میں پیار اور محبت کا بہترین نمونہ دکھائیں

میں جماعتی نظام کو بھی کہتا ہوں اور ذیلی تنظیموں انصار اللہ، خدام الاحمدیہ اور لجنہ اماء اللہ کو بھی کہ ایسے پروگرام بنائیں جن سے اپنی جماعت کے اور اپنی تنظیم کے ہر ممبر میں اعلیٰ اخلاق پیدا کرنے کی کوشش کریں۔ نومبائعین کو سنبھالنے کے لئے ساتھ کے ساتھ تمام ذیلی تنظیمیں انہیں اپنے اندر سموتی چلی جائیں

ہمیشہ یاد رکھیں کہ یہ خلافت جوبلی جو آپ منا رہے ہیں یہ اللہ تعالیٰ کا وہ انعام ہے جس کا اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں سے وعدہ کیا ہے جو ایمان میں مضبوط ہوں گے اور نیک اعمال کرنے والے ہوں گے۔ پس بہت فکر سے اپنے اندر پاک تبدیلیاں پیدا کریں

نائیجیریا کی جماعت تو خلافت کی برکات کا براہ راست مشاہدہ کر چکی ہے آپ لوگوں کو تو بہت زیادہ اس انعام کی قدر کرنی چاہئے۔ آپ جانتے ہیں کہ جو لوگ خلافت کے انعام سے چمٹے رہے، جنہوں نے اپنے عہد بیعت کو نبھانے کی کوشش کی، اللہ تعالیٰ نے انہیں بے شمار انعامات سے نوازا

خطبہ جمعہ حضرت مرزا مسرور احمد خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرمودہ 2 رمئی 2008ء بمطابق 2 رہجرت 1387 ہجری شمسی بمقام نائیجیریا

خطبہ جمعہ کا یہ متن ادارہ الفضل اپنی ذمہ داری پر شائع کر رہا ہے

تشہد وتعوذ اور سورہ فاتحہ کی تلاوت کے بعد فرمایا

آج اللہ تعالیٰ کے فضل سے جماعت احمدیہ نائیجیریا کا 58 واں جلسہ سالانہ میرے اس خطبہ کے ساتھ شروع ہو رہا ہے۔ ہم پر یہ اللہ تعالیٰ کا احسان ہے کہ اس زمانے میں جب دنیا کی اکثریت خدا تعالیٰ کو بھول بیٹھی ہے احمدی خدا تعالیٰ کی رضا کے حصول کے لئے ہر ملک میں جلسے کرتے ہیں اور سال میں ایک دفعہ چند دن کے لئے اس لئے جمع ہوتے ہیں کہ اپنے اندر روحانی تبدیلیاں پیدا کریں اور اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے والے بنیں۔ یہ انقلاب ہے جس کے برپا کرنے کے لئے اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود کو دنیا میں بھیجا۔ اگر ہم اپنے اندر یہ انقلاب لانے والے نہیں، اگر ہم آج اس مقصد کے لئے جمع نہیں ہوئے جو حضرت مسیح موعود نے ہمیں فرمایا ہے تو پھر اس جلسے کا کوئی فائدہ نہیں۔ آپ نے بڑے واضح الفاظ میں فرمایا کہ مجھے کوئی شوق نہیں کہ میلے کا ماحول پیدا کروں اور لوگوں کو جمع کر کے دنیا کو اپنی طاقت بتاؤں۔ حضرت مسیح موعود نے فرمایا کہ یہ سوچ اور خیال ایسے ہیں جن سے مجھے کراہت آتی ہے۔ پھر آپ نے یہ بھی فرمایا یہاں جلسے پر تقریریں ہوتی ہیں۔ بڑے بڑے مقرر تقریریں کرتے ہیں۔ بڑی علمی باتیں ہوتی ہیں۔ لوگ یہ باتیں سن کر مقررین کی بڑی تعریف کرتے ہیں۔ حضرت مسیح موعود نے فرمایا کہ ان تقریروں اور مقررین کی ان اعلیٰ علمی باتوں کا کیا فائدہ؟ اگر جماعت کے دلوں پر اس کا اثر نہ ہو۔

پس ہم حضرت مسیح موعود کو ماننے والے ہیں، اس لئے آج یہاں جمع ہیں کہ جو باتیں ہم سنیں انہیں اپنی زندگیوں کا حصہ بنائیں۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو توفیق دے کہ اپنی زندگیوں کو اس معیار پر لانے کی کوشش کریں جس معیار پر آنے کی حضرت مسیح موعود ہم سے توقع رکھتے ہیں اور وہ معیار ہم حاصل نہیں کر سکتے جب تک کہ اللہ تعالیٰ کا خاص فضل ہم پر نہ ہو اور اللہ تعالیٰ کا فضل حاصل کرنے کے لئے بھی ایک مجاہدے کی ضرورت ہے، ایک کوشش کی ضرورت ہے۔ ایسی کوشش کہ جب اللہ تعالیٰ اپنا خاص فضل فرماتے ہوئے اپنے بندے کی طرف دوڑ کر آتا ہے۔ اپنے بندے کی کوشش کو قبول فرماتا ہے۔ اسے اپنے فضل سے نوازتا ہے۔ اس سے ایسے کام کرواتا ہے جو اس کی رضا کے کام ہوں۔ اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے .... (العنکبوت: 70) یعنی وہ لوگ جو ہم سے ملنے کی کوشش کرتے ہیں ہم ضرور ان کو اپنے راستے کی طرف آنے کی توفیق بخشیں گے۔

اس بارے میں حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں: ”اپنے نفس کی تبدیلی کے واسطے سعی کرو۔ نماز میں دعائیں مانگو۔ صدقات، خیرات سے اور دوسرے ہر طرح کے حیلے سے وَالَّذِیْنَ جَاھَدُوْا فِیْنَا میں شامل ہو جاؤ۔ جس طرح بیمار طبیب کے پاس جاتا، دوائی کھاتا، مسہل لیتا، خون نکلواتا، ٹکور کرواتا ہے اور شفا حاصل کرنے کے واسطے ہر طرح کی تدبیر کرتا ہے۔ اسی طرح اپنی روحانی بیماریوں کو دور کرنے کے واسطے ہر طرح کی کوشش کرو۔ صرف زبان سے نہیں بلکہ مجاہدہ کے جس قدر طریق خدا تعالیٰ نے فرمائے ہیں، وہ سب بجا لاؤ“۔

(بدر جلد 1 نمبر 34 مورخہ 8 نومبر 1905 صفحہ 4-3)

پس یہ کام ہے جو بیعت کرنے کے بعد ایک احمدی .... کو کرتے رہنے کی ضرورت ہے۔ یہ جلسہ بھی ان طریقوں میں سے، ان ذریعوں میں سے جو خدا تعالیٰ کا قرب دلانے والے اور پاک تبدیلی پیدا کرنے والے ذریعے ہیں، ایک ذریعہ ہے۔

ہمارا آج یہاں جمع ہونا اور بڑی تعداد میں جمع ہونا اس بات کا ثبوت ہے کہ ہم یقیناً حضرت مسیح موعود کی بیعت میں آنے کے بعد مجاہدہ کر کے اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ اپنے اندر پاک تبدیلیاں پیدا کرنا چاہتے ہیں۔ پس ان تین دنوں میں اس مقصد کے حصول کے لئے ہر احمدی

خاص طور پر کوشش کرے تبھی یہاں جمع ہونے کے مقصد کو پورا کر سکیں گے۔ اللہ تعالیٰ کا قرب پانے کا سب سے اہم ذریعہ نمازوں کی ادائیگی کی طرف توجہ ہے۔

حضرت مسیح موعود نے جب فرمایا کہ اپنے نفس کی تبدیلی کے لئے کوشش کرو تو سب سے پہلے نماز کی طرف توجہ دلاتے ہوئے فرمایا کہ ’’نماز میں دعائیں مانگو‘‘۔ کیونکہ جب انسان خالص ہو کر اللہ تعالیٰ کے آگے جھکتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی نیک خواہشات کو قبول فرماتے ہوئے اس میں پاک تبدیلیاں پیدا فرماتا ہے۔ لغو اور غلط کاموں سے انسان بچتا ہے۔ نیکیوں کی طرف توجہ پیدا ہوتی ہے۔ اس بارے میں خود اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے .... (العنکبوت: 46) یعنی نماز سب بُری اور ناپسندیدہ باتوں سے روکتی ہے۔ یہ اللہ تعالیٰ کا اعلان ہے کہ نماز بری اور ناپسندیدہ باتوں سے روکتی ہے۔ لیکن کسی کے دل میں یہ خیال پیدا ہو سکتا ہے کہ ہم اپنے ماحول میں دیکھتے ہیں کہ بظاہر بڑے نماز پڑھنے والے لوگ، ایسے لوگ جو حج بھی کر آتے ہیں، ان کے جب دوسرے اعمال دیکھو، ان کے جب دوسرے اخلاق دیکھو تو بعض دفعہ ایک لامذہب ان سے زیادہ اخلاق والا نظر آتا ہے۔ یہاں بظاہر یہ نظر آتا ہے کہ نماز نے تو بظاہر کوئی نیکی پیدا نہیں کی پھر نمازیں پڑھنے کا کیا فائدہ؟ تو یہاں یہ سمجھنا چاہئے کہ نماز کا قصور نہیں بلکہ ان نمازیوں کا قصور ہے جو نماز کو اس کی شرائط کے ساتھ ادا نہیں کرتے۔ اس لئے جب اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ نماز برائیوں سے روکتی ہے تو اس سے پہلے فرمایا کہ .... کہ نماز کو اس کی تمام شرائط کے ساتھ ادا کرو۔ جب نمازیں اپنی شرائط کے ساتھ ادا کی جائیں گی تو پھر بے حیائیوں اور بری باتوں سے روکیں گی۔

نماز کی بہت سی شرائط ہیں۔ وضو کرنا، پاک صاف ہونا، مردوں کے لئے (بیت) میں آ کر نماز پڑھنا، خالص ہو کر اللہ تعالیٰ کے حضور کھڑے ہونا۔ آنحضرت ﷺ نے اس بارہ میں ایک انتہائی اہم بات کی طرف توجہ دلائی اور وہ یہ کہ جب تم نماز پڑھنے کے لئے کھڑے ہو تو یہ خیال ہو کہ تم خدا کو دیکھ رہے ہو یا کم از کم اتنا ہو کہ یہ خیال رہے کہ خدا مجھے دیکھ رہا ہے۔ وہ خدا مجھے دیکھ رہا ہے جو میرے دل اور دماغ کے اندرونے حصے تک، گہرائی تک واقف ہے۔ کوئی خیال میرے دل میں نہیں آتا لیکن میرا خدا اس سے پہلے اس خیال کا علم رکھتا ہے۔ ہمارا خدا وہ خدا ہے جس کو کبھی دھوکہ نہیں دیا جا سکتا۔ اس خدا کو پتہ ہے کہ کون سی نماز خالص ہو کر خدا تعالیٰ کی خاطر اور اپنے نفسوں کو پاک کرنے کے لئے پڑھی جا رہی ہے اور کون سی نماز صرف دکھاوے کی خاطر پڑھی جا رہی ہے۔ پس جو نمازیں خالص ہو کر اللہ تعالیٰ کی خاطر پڑھی جائیں وہی مقبول نمازیں ہیں۔ وہی ایسی نمازیں ہیں جو دلوں کی صفائی کرتی ہیں۔ وہی ایسی نمازیں ہیں جو بے حیائیوں سے روکتی ہیں۔

پس احمدی جب نماز پڑھے تو ایسی نماز کی تلاش کرے۔ ورنہ بظاہر چاہے جتنا بڑا کوئی نیک آدمی نظر آتا ہو اگر اس کا ہر عمل خدا تعالیٰ کے خوف کو لئے ہوئے نہیں تو اس کی نمازیں بھی خدا تعالیٰ قبول نہیں فرماتا۔ بلکہ اس کے ظاہری عمل اور قول اور اس کے دل کی اندرونی حالت میں اختلاف کی وجہ سے اللہ تعالیٰ ایسی نمازیں پڑھنے والوں کی نمازیں بجائے اصلاح کے ان کے لئے ہلاکت کا ذریعہ بنا دیتا ہے، جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے .... (الماعون: 5) پس ان نمازیوں کے لئے ہلاکت ہے۔ کون سے نمازیوں کے لئے ہلاکت ہے؟ فرمایا .... (الماعون: 5) جو اپنی نمازوں سے غافل ہوتے ہیں۔ بظاہر تو نمازیں پڑھ رہے ہوتے ہیں لیکن دل دنیاداری میں لگے ہوتے ہیں۔ بظاہر تو حج بھی کئے ہوتے ہیں لیکن یہ نمازیں اور حج ان میں پاک تبدیلیاں پیدا نہیں کرتے۔ وہ اپنی عملی زندگی میں بھول جاتے ہیں کہ خدا انہیں صرف نمازوں ہی میں نہیں دیکھ رہا بلکہ عام زندگی میں بھی خدا تعالیٰ انسان کی زندگی کے ہر قول اور فعل کا علم رکھنے والا ہے۔ پس نمازوں کی مقبولیت کے لئے اپنے ہر فعل کو درست کرنا ضروری ہے۔ ورنہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اگر تمہارے دل کی اندرونی حالت اور تمہارے عمل ایک جیسے نہیں تو ان لوگوں میں شامل ہو گے، ان کے زمرے میں آؤ گے جو ...... (الماعون: 6) یعنی وہ جو صرف دکھاوے سے کام لیتے ہیں اور دکھاوے سے کام لینے والوں کی نمازیں جن کے دل حقیقت سے غافل ہوں ان کی نمازیں برائیوں سے روکنے کی بجائے ان کے لئے ہلاکت کا سامان بن جاتی ہیں۔ پس ہمیشہ یاد رکھیں ہم جو اس زمانے کے امام کو مان کر یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ دوسروں سے بہتر ہیں تو صرف یہ دعویٰ کافی نہیں۔ ہمیں اپنے اندر روحانی انقلاب پیدا کرنا ہو گا۔ وہ نمازیں پڑھنی ہوں گی جو ہر قسم کی برائیوں سے روک رہی ہوں۔ وہ نمازیں پڑھنی ہوں گی جو نیک عمل کرنے کی طرف آگے بڑھانے والی ہوں۔ اگر ہمارا نمازیں پڑھنا ہماری زندگیوں میں انقلاب نہیں لا رہا تو بڑے فکر کی ضرورت ہے۔

پس ایک احمدی .... مومن کا فرض ہے کہ سب سے پہلے اپنی نمازوں کی حفاظت کریں۔ اپنی نمازوں کو اپنے اندر دوسری اخلاقی تبدیلیوں کا پیمانہ بنائیں۔ یا اپنے اعلیٰ اخلاق کو اپنی نمازوں کی قبولیت کا پیمانہ سمجھیں۔ اگر ہمارے اخلاق اعلیٰ نہیں ہو رہے، اگر ہم اس زمانے کی بُرائیوں سے بچنے کی کوشش نہیں کر رہے تو ہم مجاہدہ نہیں کر رہے، ہم اپنی نمازوں کی حفاظت نہیں کر رہے۔ پس ہر احمدی کو ہمیشہ یاد رکھنا چاہئے کہ پاک تبدیلی پیدا کرنے کے لئے جو مجاہدہ کرنا ہے اس میں سب سے پہلے خالص ہو کر خدا تعالیٰ کی عبادت اور نمازوں کی ادائیگی ہے۔ دعاؤں اور ذکر الٰہی کی طرف توجہ ہے۔ پھر اپنی توفیق کے مطابق صدقہ و خیرات کرنا ہے۔

آنحضرت ﷺ نے فرمایا ہے کہ صدقہ و خیرات بھی بلاؤں کو دور کرتا ہے۔ آج اس زمانے میں دنیاداری، اخلاقی گراوٹ، ایک دوسرے کے حقوق کا خیال نہ رکھنا اللہ تعالیٰ کی حقیقی عبادت سے غافل رہنا ان سے بڑی اور کون سی بلا ہو گی جو ہماری زندگیوں کو تباہ کر رہی ہے۔ پس جس کو جتنی توفیق ہے صدقہ و خیرات کرے اور دکھاوے کے لئے نہ کرے بلکہ اللہ تعالیٰ کی رضا کے حصول کے لئے کرے۔ جو کام اللہ تعالیٰ کی رضا کے حصول کے لئے کیا جائے وہ یقیناً اللہ تعالیٰ کے ہاں قبولیت کا درجہ پانے والا ہوتا ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نیتوں کے مطابق انسان سے سلوک کرتا ہے اور جو عمل نیک نیت سے ہو وہ یقیناً پاک تبدیلیوں میں بڑھاتا ہے۔

پھر حضرت مسیح موعود نے فرمایا کہ نفس کی تبدیلی کے لئے ہر قسم کے حیلے اور کوشش کی ضرورت ہے۔ ان تمام قسم کے اخلاق کو اپنانے کی ضرورت ہے جن کا ذکر فرمایا ہے۔ مثلاً اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ آپس میں ایک دوسرے سے نرمی اور حسن اخلاق سے بات کرو اور حسن اخلاق کا سلوک کرو۔ پھر اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اپنی امانتوں کی حفاظت کرو۔ ہر عہدیدار کے پاس کوئی بھی جماعتی کام ایک امانت ہے اسے ایمانداری سے ادا کرنا ضروری ہے۔ ہمیں ہمیشہ یاد رکھنا چاہئے کہ اللہ تعالیٰ خیانت کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا اور جو اللہ تعالیٰ کی پسند سے باہر نکل جائے نہ اس کا دین رہتا ہے اور نہ اس کی دنیا رہتی ہے۔ بعض دفعہ انسان عارضی نفسانی خواہشات کی خاطر امانت کا حق ادا نہ کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ کی پکڑ میں آ سکتا ہے جیسا کہ مَیں نے پہلے بھی کہا اللہ تعالیٰ ہمارے ہر عمل کو دیکھ رہا ہے انسانوں کو دھوکہ دیا جا سکتا ہے لیکن خدا تعالیٰ کو دھوکہ نہیں دیا جا سکتا۔ پس ہمیشہ ایک احمدی کو اپنی امانت کا حق ادا کرنے کے بھی اعلیٰ معیار قائم کرنے چاہئیں۔

پھر عہد کو پورا کرنا ہے۔ ہر احمدی کا ایک عہد ہے اس نے نئے سرے سے یہ عہد کیا ہے کہ وہ حضرت مسیح موعود کے ہاتھ پر بیعت کر کے اپنی عبادتوں کا بھی حق ادا کرے گا اور دوسرے تمام احکامات جو خدا تعالیٰ نے دیئے ہیں ان پر بھی عمل کرے گا۔ ہمیشہ یاد رکھنا چاہئے کہ جو عمل خدا تعالیٰ کی رضا کی خاطر ہم کرتے ہیں عبادت بن جاتا ہے۔ پس کسی حکم کو بھی چھوٹا نہیں سمجھنا چاہئے۔

پھر ایک اعلیٰ خُلق اللہ تعالیٰ نے ہمیں یہ بتایا کہ سچائی پر قائم ہو جاؤ۔ ایسی سچائی ہو، ایسی بات کرو جو قول سدید ہو، ایسی بات ہو جس میں کوئی پیچ نہ ہو۔ یہ نہ ہو کہ ایسی بات کرو جو واضح نہ ہو۔ صاف ستھری بات کرو۔ ایسی بات نہ ہو جس کی تاویلیں کرنی پڑیں۔

پھر فرمایا ایک حکم یہ ہے کہ حسد کرنے سے بچو۔ کیونکہ حسد بھی ایک انسان کو اندر ہی اندر جلا دیتی ہے۔ پھر حسد کی وجہ سے وہ دوسرے کو نقصان پہنچانے کی کوشش بھی کرتا ہے۔ ایک مومن کا یہ شیوہ نہیں کہ وہ حسد کرے۔ خود بھی حسد سے بچو اور حسد سے بچنے کی دعا بھی کرو۔ فی زمانہ ہمارے کتنے ہی حاسد ہیں جو جماعتی ترقی کو دیکھ نہیں سکتے، بظاہر اوپر سے میٹھے ہیں لیکن اندر سے نقصان پہنچانے

کی کوشش کرتے ہیں۔ اگر ہم آپس میں ہی ایک نہیں ہوں گے اور بعض معاملات میں ایک دوسرے سے حسد کرتے رہیں گے تو جو ہم سے حسد کرنے والے ہیں ان کے شر سے کس طرح بچیں گے؟ پس آپس میں پیار اور محبت کا بہترین نمونہ دکھائیں۔

پھر اللہ تعالیٰ کا ایک حکم ہے کہ لغویات سے بچو۔ کیونکہ اس زمانے میں بھی بہت سی ایسی لغویات ہیں جو شیطان کی گود میں پھینک دیتی ہیں۔ بہرحال یہ ایک لمبی فہرست ہے اللہ تعالیٰ نے جو ہمیں بتائی ہے۔ میں جماعتی نظام کو بھی کہتا ہوں اور ذیلی تنظیموں انصار اللہ، خدام الاحمدیہ اور لجنہ اماء اللہ کو بھی کہ ایسے پروگرام بنائیں جن سے اعلیٰ اخلاق اپنی جماعت کے، اپنی تنظیم کے ہر ممبر میں پیدا کرنے کی کوشش کریں۔ پرانے احمدیوں کے بھی اخلاق کے معیار بلند کریں اور نومبائعین کے اندر بھی اخلاق پیدا کریں۔ نومبائعین کو سنبھالنے کے لئے ساتھ کے ساتھ تمام ذیلی تنظیمیں انہیں اپنے اندر سموتی چلی جائیں۔

آئندہ انشاء اللہ دو تقریروں میں کچھ بنیادی اخلاق پر مزید روشنی ڈالوں گا کیونکہ اب تو وقت کافی زیادہ ہو گیا ہے۔ آپ جلسہ میں شامل ہو رہے ہیں ان باتوں کو غور سے سنیں اور سمجھیں اور عمل کرنے کی کوشش کریں۔ ہمیشہ یاد رکھیں کہ یہ خلافت جوبلی جو آپ منا رہے ہیں یہ اللہ تعالیٰ کا وہ انعام ہے جس کا اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں سے وعدہ کیا ہے جو ایمان میں مضبوط ہوں گے اور نیک اعمال کرنے والے ہوں گے۔ ہمیشہ یاد رکھنا چاہئے کہ ہم نے اپنی عبادتوں کے بھی اعلیٰ معیار قائم کرنے ہیں اور اپنی نمازوں کی حفاظت کرنی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے خلافت کے وعدے کو ان لوگوں کے لئے مخصوص فرمایا ہے جو نیک اعمال کے ساتھ عبادت کرنے والے ہوں گے۔ پس بہت فکر سے اپنے اندر پاک تبدیلیاں پیدا کریں۔

نائیجیریا کی جماعت تو خلافت کی برکات کا براہ راست مشاہدہ کر چکی ہے۔ آپ لوگوں کو تو بہت زیادہ اس انعام کی قدر کرنی چاہئے۔ آپ جانتے ہیں کہ جو لوگ یہاں (بیوت الذکر) سمیت خلافت سے علیحدہ ہو گئے تھے آج ان کی کیا حیثیت ہے؟ کچھ بھی نہیں۔ لیکن جو لوگ خلافت کے انعام سے چمٹے رہے، جنہوں نے اپنے عہد بیعت کو نبھانے کی کوشش کی، اللہ تعالیٰ نے انہیں بے شمار انعامات سے نوازا۔ آج ہر شہر میں آپ جماعت کی ترقی کے نظارے دیکھتے ہیں۔ آج آپ کی یہاں ہزاروں میں موجودگی اس بات کا ثبوت ہے کہ خلافت کے ساتھ ہی برکت ہے۔ پس ہمیشہ اپنی ذمہ داریوں کو سمجھتے رہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اس کی توفیق عطا فرمائے اور اس انعام سے فیضیاب ہوتے رہیں۔

ص۔ب احمد سامی

میرے تایا جی شیخ غلام محمد صاحب کی یاد میں

حضرت مسیح موعود کی جماعت میں اکثر ایسے لوگ ہیں جو حقوق اللہ اور حقوق العباد پر پورے اُترتے ہیں۔ میں یادوں کا ایک پنّہ کھولتی ہوں اور اُن بزرگوں کی مثال تحدیث نعمت کے طور پر پیش کرتی ہوں، جنہوں نے یہ احسن سلوک ہمارے ساتھ کیا۔

قیام پاکستان کے بعد جب ہم نے فیصل آباد (اُس وقت کے لائل پور) میں آکر رہائش اختیار کی تو ہمارا گھر بالکل ہماری احمدیہ بیت الذکر کے سامنے تھا، اور بیت کے سامنے ہی میرے ابا جان کی دکان تھی جس میں وہ بک بائینڈنگ کا کام کرتے تھے، ابا جان کے ساتھ اُن کے خالہ زاد بھائی شیخ غلام محمد مرحوم بھی کام کرتے تھے، (دونوں بھائیوں نے احمدیت بھی تقریباً اِکٹھے ہی قبول کی تھی) جن کو ہم سب تایا جی کہتے تھے اُن کی پوری فیملی پاس کے گاؤں میں رہتی تھی، مگر تایا جی بیت کے خادم تھے پانچ وقت بیت میں نداء بھی دیتے، بہت دھیمے مزاج، ہمدرد نیک انسان تھے، ابا جان اور تایا جی کا آپس میں بہت پیار تھا لگتے نہیں تھے کہ وہ سگے بھائی نہیں ہیں کھانا تو وہ ہمارے ساتھ ہی کھاتے، مگر رہتے وہ بیت میں تھے، میرے والد صاحب فرقان فورس سے واپس آئے تو ہمارے مالی حالات بہت ہی خراب تھے۔ تنگ دستی نے بُری طرح گھیرا ہوا تھا۔ ابا جان جو بھی کام کرتے کوئی خاص کامیابی نہ ہوتی۔

آخر ابا جان نے افریقہ جانے کا پروگرام بنالیا کہ وہاں پہلے سے میرے تایا اور چچا فیملیز کے ساتھ آباد تھے، حالات کو سُدھارنے کا یہ ہی ایک طریقہ تھا۔ ابا جان نے اللہ تعالیٰ کے بعد ہمارے تایا جی کو نگران بنا دیا، تایا جی خود بھی مالی لحاظ سے ہماری طرح تھے مگر اُن کی پوری فیملی گاؤں میں تھی، اور گاؤں کی زندگی شہروں سے مختلف ہوتی ہے۔ وہاں اُن کو وہ مشکلات نہیں تھیں جو ہمیں تھیں۔ دودھ، دہی، سرسوں کا ساگ، سبزی، مکئی کا آٹا اور جلانے کے لئے ایندھن وغیرہ سب وہاں باافراط تھا۔ تایا جی اور اُن کی پوری فیملی نے حق ادا کیا حقوق العباد کا، گاؤں سے ہمارے لئے ہر وہ چیز آتی تھی جس کی ہمیں ضرورت ہوتی، تایا جی ہر جمعہ کو اپنے گھر جاتے اور واپسی پر ہماری تائی اور تایا جی سروں پر ایندھن کے بورے اُٹھائے آتے، جب ابا جان افریقہ گئے تو میرا بھائی بہت چھوٹا تھا، اُس کو بھی تایا جی بہت پیار کرتے اور گود میں لئے پھرتے، تایا جی کھانا ہمارے ساتھ ہی کھاتے تھے، ہماری اُمی جان اُن کو سالن اور روٹی دیتیں تو کبھی دوسری بار وہ نہ مانگتے جتنا بھی ڈال دیا بس وہ کھا کر اُٹھ جاتے بہت کہتیں کہ بھائی اور لے لیں مگر شائد وہ جانتے تھے کہ اس سے زیادہ ہوگا ہی نہیں جتنا مناسب ہوگا اُتنا دے دیا بس وہ ہی کافی ہے۔ میری اُمی جان رفیق حضرت مسیح موعود کی بیٹی اور مربی بھائیوں کی بہن اور قادیان کی تعلیم یافتہ تھیں اس لحاظ سے پردہ کی بہت پابند تھیں۔ ہمارے تایا جی اس بات کا بہت خیال رکھتے جب بھی وہ گھر آتے ہمیشہ دروازہ میں سے پہلے آواز دیتے پھر تھوڑی دیر رک کر انتظار کرتے ہماری آواز پر کہ تایا جی آجائیں تو گھر میں قدم رکھتے۔ ہم کبھی کبھار اُن کے گاؤں بھی چلے جاتے تھے۔

یہ تو میرے تایا جی تھے۔ مگر ابا جان کے دوست احباب نے بھی حقوق العباد ادا کرنے میں کہیں کمی نہیں آنے دی۔ گھر کے سامنے بیت کی دیوار کے ساتھ چاچا جی عبدالکریم صاحب مرحوم کی دکان تھی جہاں وہ درزی کا کام کرتے تھے۔ اور ساتھ ہی چاچا جی شیخ محمد یوسف صاحب مرحوم کا چینی کا ڈپو تھا۔ ہماری اُس وقت کی غربت میں اُنہوں نے بھی پورا پورا ساتھ دیا۔ اُن دنوں چینی کھدر قسم کی بوریوں میں آتی تھی، چاچا جی یوسف صاحب نے وہ کھدر ہمارے گھر بھجوا دیا کہ بچوں کے گرم کپڑے بنا لیں۔ چاچا جی فضل کریم صاحب جب رات کو دوکان بند کرتے تو شام کو ایک سلائی کی مشین ہمارے گھر بھجوا دیتے کہ رات کو کپڑے سی لیں اور صبح آکر مشین لے لیتے، ہماری اُمی جان رات بھر بیٹھ کر سلائی کرتیں۔

میں مولوی اسماعیل صاحب دیالگڑھی مرحوم اور اُن کی بیگم خالہ جی کا ذکر نہ کروں یہ ممکن نہیں۔ اُن کی آنکھ ہر وقت ہمارے گھر پہ ہوتی۔ ہماری کوئی بھی ضرورت ہو اُس کو پورا کرنا وہ اپنا فرض سمجھتے تھے۔ خاص طور پہ جب میرے ابا جان فرقان فورس پر گئے تو بعد میں میرے بھائی (محمد اسلم خالد) کی پیدائش ہوئی۔ اُس مشکل گھڑی میں اُنہوں نے ہماری اُمی جان کی پوری مدد کی۔ اس طرح ہماری اُمی جان اپنی جفاکشی اور اپنے محسنوں کے حُسنِ سلوک سے اُس مشکل ترین وقت سے گزریں۔ آخر ابا جان کے منی آرڈر آنے شروع ہو گئے تو ابا جان کی رضامندی سے ہمارے تایا جی نے ہماری فیملی کو ربوہ منتقل کر دیا۔ ہمیں ربوہ منتقل کرنے کہ بعد ایسا نہیں ہوا کہ تایا جی نے ہمیں چھوڑ دیا بلکہ وہاں ربوہ میں بھی ہمیں مستقل گاؤں سے ساگ، مکئی کی روٹیاں، رؤ کی کھیر، اور گنوں کی ترسیل جاری رہی۔ میرے تایا زاد بھائی تیس یا چالیس میل کی مسافت سائیکلوں پر طے کر کے ہمیں یہ سب دینے آتے۔

میرے تایا جی حقوق اللہ اور حقوق العباد کی ہر بات پر پورے اُترنے والے تھے۔ سکول کی ایک جماعت بھی نہیں پڑھے تھے مگر دعوت الی اللہ میں اُن سے آگے کوئی نہیں ٹھہر سکتا تھا۔ ہر مسئلہ کا جواب اُن کے پاس موجود ہوتا۔ ساری زندگی بیت میں ندائیں دے کر اور بیت کی ہی خدمت کرتے گزار دی۔ اولاد بھی اللہ تعالیٰ نے بہت نیک دی اپنے باپ کی طرح دین کی خدمت گزار اور نیکی کے ہر کام میں پہل کرنے والے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے میرے تایا جی کو ایک اور بہت بڑے اعزاز سے نوازا ہے، اُن کے بیٹے مکرم عبدالستار صاحب کے بیٹے (یعنی میرے تایا جی کے پوتے) عبدالوحید کو کریم نگر میں شہادت کا رُتبہ نصیب ہوا۔ گو کہ یہ بہت بڑا غم اُن کی ساری فیملی کے لئے تھا مگر یہ غم بھی اُنہوں نے بڑی ہمت اور حوصلہ سے برداشت کیا۔ مگر عبدالوحید کی والدہ زیادہ عرصہ زندہ نہ رہیں اور اپنے بیٹے کے پاس جنت میں چلی گئیں۔

آخر میں میں اپنے سب بزرگوں جنہوں نے پل پل ہماری رہنمائی کی اور ہر پل ساتھ دیا اور وہ اس دنیا میں بھی نہیں ہیں دُعا کی درخواست کرتی ہوں کہ اللہ پاک سب کو اجر عظیم عطا کرے اور جنت الفردوس میں اعلیٰ سے اعلیٰ مقام عطا کرے اور باقی سب کو بھی جزائے خیر سے نوازے۔ اور ہم سب کو بھی حقوق اللہ اور حقوق العباد ادا کرنے کی توفیق بخشے۔ آمین

☆......☆......☆

جرمنی میں صدسالہ خلافت جوبلی کے پروگرام (اپریل 2008ء)

مکرم زبیر خلیل خان صاحب نائب امیر، سیکرٹری خلافت جوبلی کمیٹی جماعت جرمنی

شعبہ خارجہ کے تحت ہونے والے پروگرام

ماہ اپریل میں گروس گیراؤ ،فرینکفرٹ، منسٹر بریمن، اوسنابروک اور ایزل برگ میں واقع بیوت الذکر میں اہم شخصیات کے ساتھ استقبالیہ کے چھ پروگرام منعقد ہوئے۔ مختلف بیوت الذکر میں شرکاء کی تعداد مختلف رہی۔ شرکاء کی تعداد کے لحاظ سے بریمن سر فہرست رہا۔ ان پروگراموں میں ممبران قومی اسمبلی ،صوبائی اسمبلی، صوبائی وزراء مختلف سیاسی جماعتوں کے سربراہان اور معاشرہ کی دیگر اہم شخصیات شامل ہوئیں۔

فرینکفرٹ میں خلافت کے موضوع پر نظم سننے کے بعد ایک ممبر قومی اسمبلی پر عجیب وغریب حالت طاری ہوگئی اور انہوں نے اپنی تقریر میں اس کا اظہار یوں کیا کہ وہ اس نظم میں اس قدر کھو گئے تھے اور ان کے جذبات میں اس قدر تلاطم برپا تھا اور وہ سمجھ نہیں پارہے کہ وہ اپنے جذبات کا اظہار کس طریق پر کریں۔

اسی طرح Isselberg پروگرام میں بعض اہم شخصیات حضرت مسیح موعود اور خلفاء کی آویزاں قد آدم تصاویر میں بہت دیر مگن رہے اور ان تصاویر کا مختلف زاویوں سے جائزہ لیتے رہے۔

جماعت کے مرکزی سنٹر بیت السبوح میں منعقد ہونے والے پروگرام کو بہت زیادہ پذیرائی ملی اور شامل شرکاء مختلف انداز سے اس پروگرام کے بارہ میں رائے بھجواتے رہے۔ ایک پیغام کے مطابق جماعت احمدیہ کی طرف سے پیش کردہ نظام ہر ایک کو قبول ہوسکتا ہے۔

متذکرہ بالا تمام پروگراموں کو میڈیا میں بہت زیادہ کوریج ملی۔ مقامی، صوبائی اخبارات میں چرچا ہوا اور بعض مقامات میں ٹی وی کوریج ملی اور جماعت کے ان پروگراموں کو علاقہ کے عوام کی آگہی کیلئے نشر کیا گیا۔

پیغام حضور انور کی چھپائی

مولانا مبارک تنویر صاحب نے اپنی ٹیم کے ہمراہ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے پیغام کو اردو اور جرمن زبان میں بہت ہی دیدہ زیب پمفلٹ کی شکل میں تیار کیا ہے اور اسے تمام احمدی گھرانوں میں تقسیم کیا جائے گا۔ اسی طرح پیغام کو جماعت کے مختلف رسائل اور اخبارات میں شائع کیا جائے گا۔

خلافت کے موضوع پر کتاب کی تیاری

شعبہ دعوت الی اللہ کی مدد سے خلافت کے موضوع پر جرمن زبان میں کتاب تیاری کے مراحل میں ہے اور آجکل اس کی Proof Reading جاری ہے۔

MTA کے تحت پروگرام ”حصار عافیت“ کا اجراء

صد سالہ خلافت جوبلی تقریبات کے حوالہ سے MTA نے ماہ اپریل میں ”حصار عافیت“ کے عنوان سے دلچسپ اور موثر پروگرام ریکارڈ کئے جن کو MTA کی جرمن سروس میں پیش کیا جائے گا۔

ریکارڈ کی تیاری

جرمنی میں منعقد ہونے والے خلافت جوبلی سے متعلق تقریبات کا باقاعدہ ریکارڈ تیار کیا جارہا ہے۔ محترمی منور عابد صاحب نے اپریل میں ماہ مارچ تک منعقد ہونے والی تمام سرگرمیوں کو تصاویر کے ساتھ محفوظ کرلیا ہے۔

لجنہ اماء اللہ جرمنی کی سرگرمیاں

شعبہ تعلیم لجنہ اماءاللہ جرمنی

شعبہ تعلیم کے تحت تقریری وکوئز مقابلہ جات منعقد کئے گئے۔ شعبہ تعلیم لجنہ اماءاللہ کی طرف سے اِن مقابلہ جات کی تیاریوں کا آغاز ماہ اپریل 2007ء میں کیا گیا۔ اگست 2007ء میں تقاریر کے عناوین، نیز مقابلہ کوئز کے لئے مقرر شدہ مواد کے علاوہ مقابلہ جات سے متعلقہ قواعد وضوابط سے تمام حلقہ جات مجالس کو بذریعہ خط آگاہ کردیا گیا۔ مقابلہ تقریر کے لئے بارہ عناوین مقرر کئے گئے تھے، جن میں ہر مقررا اپنی مرضی سے کسی ایک موضوع کا انتخاب کرسکتی تھی۔ تقریر کرنے کا کل وقت چار منٹ تھا۔ تقاریر کے لئے جو عناوین مرکز کی طرف سے مقرر کئے گئے تھے، اُن کا محور خلافت کا بابرکت موضوع تھا۔ سب سے پہلے حلقہ جات مجالس میں مقابلہ جات کا انعقاد کیا گیا، وہاں سے اوّل آنے والی ممبرات نے ریجنل لوکل امارت کی سطح پر منعقد ہونے والے مقابلہ جات میں حصہ لیا۔ اِس طرح اللہ کے فضل سے تقریباً 612 ممبرات نے اپنے حلقہ مجلس میں اوّل پوزیشن حاصل کرنے کے بعد ریجنل لوکل امارت کی سطح پر منعقد ہونے والے تقریری مقابلہ جات میں حصہ لیا۔ مقابلہ کوئز کے لئے وہی مواد مقرر کیا گیا تھا جو مقالہ نویسی کے مقابلہ میں حصہ لینے والی ممبرات کی مدد کی خاطر انہیں فراہم کیا گیا تھا، اس کی ایک سی ڈی تمام لوکل امارات اور ریجنل صدران لجنہ کو مہیا کی گئی۔

اللہ کے فضل سے جرمنی بھر میں 389 ممبرات نے کوئز مقابلہ میں حصّہ لیا۔ خوش کن بات یہ تھی کہ حصہ لینے والی ان ممبرات میں خاصی بڑی تعداد نوجوان لڑکیوں کی تھی۔ اس طرح لجنہ اماء اللہ کے تقریری و کوئز مقابلہ جات میں حصہ لینے والی ممبرات کی مجموعی تعداد 1001 رہی۔ اللہ کے فضل سے جرمنی بھر میں کل 37 لوکل امارتوں و ریجنز میں باقاعدہ مرکز کی طرف سے بھجوائے گئے ایک پروگرام کے تحت ان تقریری وکوئز مقابلہ جات کا انعقاد ہوا۔ ہرجگہ مرکز کی طرف سے بھجوائے گئے پروگرام کے مطابق پروگرام کروائے گئے۔

محض اللہ تعالیٰ کا فضل ہے کہ بچیوں اور ممبرات نے بہت جوش سے اِن بابرکت پروگرامز میں شرکت کی۔ ایک خاص خوش کن پہلو یہ رہا کہ اِن پروگرامز میں بہنوں اور بچیوں کی ریکارڈ حاضری رہی۔ تقریباً 7895 لجنہ وناصرات نیز بچیوں نے ان پروگرامز میں شرکت کی۔

شعبہ تربیت

شعبہ تربیت کے تحت ممبرات کو دُعاؤں کی طرف، خاص طور پر صد سالہ خلافت جوبلی کے روحانی پروگرام کے تحت حضورِ انور کی طرف سے مقرر کردہ دُعاؤں ونفلی عبادات کی طرف توجہ دلائی جارہی ہے۔ ممبرات کو نہ صرف دُعاؤں کی طرف متوجہ کیا گیا، بلکہ انہیں اِن کی اہمیت وافادیت سے بھی آگاہ کیا گیا۔ شعبہ تربیت یہ کوائف اپنی ماہانہ رپورٹس کے ذریعہ ہر مجلس وحلقہ سے منگواتا ہے، جس میں نہ صرف یہ پوچھا جاتا ہے کہ آیا سب ممبرات دُعائیں پڑھ رہی ہیں، بلکہ نفلی روزہ کی بابت بھی پوچھا جاتا ہے۔ ان رپورٹس کے مُطابق اللہ کے فضل سے نمایاں روحانی تبدیلی دکھائی دے رہی ہے۔ اللہ تعالیٰ اِس روحانی تبدیلی کو ہمیشہ قائم رکھے۔ آمین!

شعبہ صحت

شعبہ صحت وجسمانی کے تحت بھی اللہ تعالیٰ کے فضل سے اِس بابرکت سال میں مختلف کھیلوں کا اہتمام کیا گیا۔ مؤرخہ 29 تا 30 مارچ کو مرکزی سطح پر مختلف کھیلوں کے مقابلہ جات منعقد کروائے گئے، جن میں بیڈمنٹن، باسکٹ بال اور والی بال کے کھیل شامل ہیں۔ اِن مقابلہ جات میں جرمنی کے آٹھ ریجنز سے بہترین ٹیموں نے حصّہ لیا۔ علاوہ ازیں ایک سوئمنگ (تیراکی) کا مقابلہ بھی رکھا گیا، جس میں تمام ناصرات ولجنہ حصہ لے سکتی تھیں۔ یہ مقابلہ جات صدسالہ جشن تشکر کے تحت رکھے جانے کی بناء پر بہت خاص اہمیت کے حامل تھے۔ اِس کے ساتھ ساتھ 2008ء میں منعقد کروائے جانے والے ریجنل سپورٹس مقابلہ کی تیاریاں بھی جاری تھیں۔ ان تیاریوں کا باقاعدہ آغاز نومبر 2007ء میں کیا گیا۔ حلقہ جات ومجالس میں پروگرام بھجوا کر ممبرات کو مقابلہ جات سے آگاہ کیا گیا۔ اِن مقابلہ جات کا آغاز مارچ 2008 میں ہوا۔ یہ مقابلہ جات تاحال مختلف لوکل امارتوں و ریجنز میں جاری ہیں۔

انصار اللہ کی سرگرمیاں

مجلس انصار اللہ کے تحت خلافت سے متعلق مواد اردو اور جرمن زبان میں تیار کرکے تمام گھرانوں کو بھجوایا گیا۔ یہ ایک کتابچہ کی شکل میں ہے جس میں بطرز سوال وجواب مواد اکٹھا کیا گیا ہے۔ اس کتابچہ میں درج معلومات کی بنا پر جرمنی بھر میں مقابلہ جات منعقد کئے جائیں گے۔

مجلس انصار اللہ جرمنی کے تحت نیشنل اجتماع منعقد کیا گیا۔ جس میں جرمنی کے 2500 سے زائد انصار نے شرکت کی۔ اجتماع کے دوران خلافت جوبلی سے متعلق ایک سپیشل Session منعقد ہوا۔

خدام الاحمدیہ جرمنی

